جنات کا پوسٹ مارٹم' الشیخ حافظ مبشر حسین۔ ناشر: نعمانی کتب خانہ' اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۴۵۴۔ قیمت: درج نہیں۔

مستقبل میں قسمت کا حال جاننے کی آرزو اور تجسس ہمیشہ سے انسانی زندگی کا ایک اہم پہلو رہا ہے۔ انسان بہتر زندگی کے لیے منصوبہ بندی اور تگ و دو کرتا ہے لیکن خوابوں کے محل تعمیر کرتے ہوئے' غیبی اور تخمینی علوم کا سہارا لیتا ہے اور اکثر و بیشتر صراطِ مستقیم سے بھٹک جاتا ہے۔ اسی لیے اہلِ علم ایسے لوگوں کی رہنمائی کا فریضہ ہر دور میں انجام دیتے چلے آرہے ہیں۔ زیرنظر کتاب میں قرآن وسنت کی روشنی میں نام نہاد عاملوں' کاہنوں' جادوگروں اور ایذا دینے والے جنات کا پوسٹ مارٹم کیا گیا ہے۔

علمِ وحی نے صحیح سمت میں ہماری رہنمائی کی ہے۔ علم وحی سے ہٹ کر دیگر علوم کی بھی اپنی ایک تاریخ ہے اور وہ سبھی باطل بھی نہیں' لیکن ان علوم کی حقیقت کیا ہے؟ شریعت کی روشنی میں اس کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ اس کتاب میں فاضل مصنف نے بہت سے حقائق سے پردہ اٹھایا ہے۔ علمِ ہیئت اور علمِ نجوم کی حقیقت' علمِ کہانت وعرافت کی مختلف صورتوں' قیافہ شناسی اور دست شناسی کی شرعی حیثیت' فال' استخارہ' جفر' علم الاعداد' رمل اور جادوٹونے کی مختلف نوعیتوں پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے لیکن کتاب کا سب سے دل چسپ حصہ جنوں کے بارے میں ہے۔ جنات کی اقسام' خوراک و رہایش' شادی بیاہ' انسانوں سے ان کا تعلق' ایذا رسانی اور جن نکالنے کے عام اور ائمہ سلف کے طریقوں کی تفصیل اور لائقِ مطالعہ ہے۔

کتاب میں' دم' تعویذ اور شیطانی وساوس دُور کرنے کے طریقے اور اس ضمن میں متفرق مباحث شامل ہیں۔ مصنف نے ان امور پر بحث کرتے ہوئے اعتدال سے کام لیا ہے۔ امید ہے کہ یہ کتاب قارئین کے تجسس کے لیے باعث تشفی ہوگی۔ (عبداللہ شاہ ہاشمی)

پھٹا ہوا دودھ' اختر عباس۔ ناشر: ادارہ مطبوعات طلبہ' ۱-اے ذیلدار پارک' اچھرہ' لاہور۔ صفحات: ۱۶۹۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔

اگر بچوں کو کوئی بہت اہم مسئلہ سمجھانا ہو لیکن سمجھانے والا سمجھانے کی اہلیت ہی نہ رکھتا ہو